صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

جمعہ 2دسمبر 2016ء 2ربیع الاول 1438 ہجری 2 فتح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 274

خدا کو جاننے کا سائنسی طریقہ

ڈاکٹر والٹر آسکر لنڈبرگ، ماہر عضویات وحیاتی کیمیا لکھتے ہیں:

خدا کے جاننے کا سائنسی طریقہ یہ ہے کہ مظاہر فطرت میں نظم وترتیب اور اسباب وعلل کی تلاش کی جائے کیونکہ یہی نظم وترتیب اور اسباب وعلل ایک ناظم وخالق اور ایک علّت العلل خدا کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ کیونکہ کائنات میں نظم وترتیب اور اسباب وعلل کی موجودگی میں ایک ایسی ذات کے وجود سے انکار، جو اس سارے کارخانۂ کائنات کو چلانے کا ذمہ دار ہو بالکل بے معنی اور لغو سی بات ہو جاتی ہے۔

جب آدمی خدا کو سمجھنے کا یہ اُلٹا راستہ چھوڑ دے کہ خدا بھی ایک بشری صفات کی مظہر ذات ہے اور اس کی بجائے انسان کو وجود باری کی ذات وصفات کا ایک ادنیٰ مظہر سمجھ کر کائنات پر غور کرے تو وہ خدائے بزرگ و برتر کی عظمت وقدرت کا ادراک کرنے کے قابل ہوتا ہے۔

(خدا موجود ہے، صفحہ 66، مرتبہ جان کلوور اموزنما۔ مترجم عبدالحمید صدیقی، مقبول اکیڈمی لاہور۔ طبع چہارم)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

’’دیکھو میں بہت خوشی سے خبر دیتا ہوں کہ تمہارا خدا درحقیقت موجود ہے۔ اگرچہ سب اسی کی مخلوق ہے لیکن وہ اس شخص کو چن لیتا ہے جو اس کو چنتا ہے۔ وہ اس کے پاس آجاتا ہے جو اس کے پاس جاتا ہے۔ جو اس کو عزت دیتا ہے وہ بھی اس کو عزت دیتا ہے۔...... کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں کہ اس کا ایک خدا ہے جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھا دوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں۔......

تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں اور اگر تم جانتے تو تم پر کوئی ایسا دن نہ آتا کہ تم دنیا کے لئے سخت غمگین ہو جاتے۔ ایک شخص جو ایک خزانہ اپنے پاس رکھتا ہے کیا وہ ایک پیسہ کے ضائع ہونے سے روتا ہے اور چیخیں مارتا ہے اور ہلاک ہونے لگتا ہے۔ پھر اگر تم کو اس خزانہ کی اطلاع ہوتی کہ خدا تمہارا ہر ایک حاجت کے وقت کام آنے والا ہے تو تم دنیا کے لئے ایسے بے خود کیوں ہوتے؟ خدا ایک پیارا خزانہ ہے ......تم بغیر اس کے کچھ بھی نہیں اور نہ تمہارے اسباب اور تدبیریں کچھ چیز ہیں...... اسباب کو بھی وہی مہیا کرتا ہے۔......

تم راستباز اس وقت بنو گے جب کہ تم ایسے ہو جاؤ کہ ہر ایک کام کے وقت ہر ایک مشکل کے وقت قبل اس کے جو تم کوئی تدبیر کرو۔ اپنا دروازہ بند کرو اور خدا کے آستانہ پر گرو کہ ہمیں یہ مشکل پیش ہے اپنے فضل سے مشکل کشائی فرما۔ تب روح القدس تمہاری مدد کرے گی اور غیب سے کوئی راہ تمہارے لئے کھولی جائے گی۔ اپنی جانوں پر رحم کرو۔......خدا تمہاری آنکھیں کھولے تا تمہیں معلوم ہو کہ تمہارا خدا تمہاری تمام تدابیر کا شہتیر ہے۔ اگر شہتیر گر جائے تو کیا کڑیاں اپنی چھت پر قائم رہ سکتی ہیں؟ نہیں بلکہ یک دفعہ گریں گی اور احتمال ہے کہ ان سے کئی خون بھی ہو جائیں۔ اسی طرح تمہاری تدابیر بغیر خدا کی مدد کے قائم نہیں رہ سکتیں۔ اگر تم اس سے مدد نہیں مانگو گے اور اس سے طاقت مانگنا اپنا اصول نہیں ٹھہراؤ گے تو تمہیں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ آخر بڑی حسرت سے مرو گے...... جو شخص خدا کو چھوڑ کر دنیا کی لذتوں سے دل لگاتا ہے اور دنیا کی دولتوں کا خواہشمند ہوتا ہے تو دنیا کے دروازے اس پر کھولے جاتے ہیں اور دین کی رُو سے وہ نرا مفلس اور ننگا ہوتا ہے اور آخر دنیا کے خیالات میں ہی مرتا اور ابدی جہنم میں ڈالا جاتا ہے۔......

اس چشمہ کے پیاسے بنو کہ پانی خود بخود آجائے گا۔ اس دودھ کے لئے تم بچوں کی طرح رونا شروع کر دو کہ دودھ پستان سے خود بخود اتر آئے گا۔ رحم کے لائق بنو تا تم پر رحم کیا جائے۔ اضطراب دکھلاؤ تا تسلی پاؤ۔ بار بار چلاؤ تا ایک ہاتھ تمہیں پکڑ لے...... تیز قدم اُٹھاؤ کہ شام نزدیک ہے جو کچھ پیش کرنا ہے وہ بار بار دیکھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ......سب گندی اور کھوٹی متاع ہو جو شاہی دربار میں پیش کرنے کے لائق نہ ہو۔‘‘

(الفضل 10 نومبر 2015ء)

خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ نے یہ قصہ بیان کیا کہ ایک آدمی بے آب وگیاہ میں جا رہا تھا۔ بادل گھرے ہوئے تھے۔ اس نے بادل میں سے آواز سنی کہ اے بادل فلاں انسان کے باغ کو سیراب کر۔ وہ بادل ایک طرف کو ہٹ گیا۔ پتھریلی سطح مرتفع پر بارش برسی۔ پانی ایک چھوٹے سے نالے میں بہنے لگا۔ وہ شخص بھی اس نالے کے کنارے کنارے چل پڑا۔ کیا دیکھتا ہے کہ یہ نالہ ایک باغ میں جا کر داخل ہوا ہے اور باغ کا مالک کدال سے پانی ادھر ادھر مختلف کیاریوں میں لگا رہا ہے۔ اس آدمی نے باغ کے مالک سے پوچھا۔ اے اللہ کے بندے! تمہارا نام کیا ہے۔ اس نے وہی نام بتایا جو اس مسافر نے اس بادل میں سے سنا تھا۔ پھر باغ کے مالک نے اس مسافر سے پوچھا۔ اے اللہ کے بندے۔ تم مجھ سے میرا نام کیوں پوچھتے ہو؟ اس نے کہا میں نے اس بادل سے جس کی بارش کا تم پانی لگا رہے ہو یہ آواز سنی تھی کہ اے بادل فلاں آدمی کے باغ کو سیراب کر۔ تم نے کون سا ایسا نیک عمل کیا ہے جس کا یہ بدلہ تجھ کو ملا ہے۔ باغ کے مالک نے کہا۔ اگر آپ پوچھتے ہیں تو سنیں۔ میرا طریق کار یہ ہے کہ اس باغ سے جو پیداوار ہوتی ہے اس کا ایک تہائی خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا ہوں۔ ایک تہائی اپنے اور اپنے اہل وعیال کے گزارہ کے لئے رکھتا ہوں اور باقی ایک تہائی دوبارہ ان کھیتوں میں بیج کے طور پر استعمال کرتا ہوں۔

احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے عطایا جات/صدقات مد امداد نادار مریضاں صدر انجمن احمدیہ (فضل عمر ہسپتال) میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس خدمت کو بااحسن قبول فرمائے اور کاروبار میں ترقیات عطا فرمائے۔ آمین

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ

حضور انور کا لجنہ سے خطاب جلسہ سالانہ کینیڈا

مورخہ 8۔ اکتوبر 2016ء سوال و جواب کی شکل میں

س: جدید میڈیا اور اس کی ایجادات کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! دنیا میں جوں جوں تعلیم میں اضافے نئی ایجادات اور میڈیا کے جہاں فوائد ہیں وہاں اس کے بعض نقصانات بھی سامنے آرہے ہیں کم وسائل والے لوگوں میں بے چینیاں اور احساس کمتری پیدا ہورہا ہے مذہب اور اس کی تعلیمات کو بوجھ سمجھا جانے لگا ہے آزادی کے نام پر مذہبی اور اخلاقی زوال کو قانونی تحفظ دیا جانے لگا اور فحاشی کو ترقی یافتہ ہونے کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔

س: مذہب سے دوری اور دنیاوی ہوا و ہوس کے غلبہ کی صورت میں خدا تعالیٰ کی سنت کیا ہے؟

ج: فرمایا! آزادی کے نام پر مذہب سے دوری شیطانی کام ہے جس میں انسان روز بروز گرتا چلا جا رہا ہے خدا تعالیٰ کو بھول رہا ہے اور دنیا کی چمک دمک غالب آرہی ہے۔ ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ جب بھی زمانے میں دنیاوی ہوا و ہوس نے غلبہ پایا انسان شیطان کی گود میں بے انتہا گرنا شروع ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرستادے اور انبیاء بھیجے جو انسان کو آگ کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کے لئے بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ اللہ کے ذکر اور اس کے حکموں پر چلنے سے اس دنیا میں بھی اور اخروی زندگی میں بھی جنت کے سامان ہوں گے۔

س: احمدی عورت کی سب سے بڑی ذمہ داری اس وقت کیا ہے؟

ج: فرمایا! احمدی عورت اور لڑکی کی سب سے بڑھ کر ذمہ داری ہے کیونکہ اس نے صرف اپنے آپ کو ہی شیطان کے حملوں سے نہیں بچانا بلکہ اپنی نسلوں کو بھی ان حملوں سے بچانا ہے عورت ہے جس کی کوکھ سے بچہ جنم لیتا ہے عورت ہے جس کی گود میں بچہ پلتا ہے بڑھتا ہے عورت ہے جو اپنے بچے کو باہر کے ماحول سے متاثر ہونے سے پہلے اپنے بچے کی اس نہج پر تربیت کرسکتی ہے کہ اسے پتہ چل جائے کہ برائی کیا ہے اور اچھائی کیا ہے۔ یہ تربیت کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ ایک بہت بڑا چیلنج ہے ہر احمدی عورت کیلئے بہرحال بڑی ذمہ داری ہے۔

س: مائیں بچوں کیلئے نمونہ بنیں تو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

ج: فرمایا! وہ مائیں جو بچپن سے اپنے نمونے اپنے بچوں کے سامنے رکھتی ہیں اور بچوں کے معاملات میں حکمت سے نظر رکھنے والی ہیں ان کے بچے ہر اچھی بری بات گھر آکر اپنی ماؤں سے شیئر کرتے ہیں انہیں بتاتے ہیں اور مائیں پھر حکمت سے جواب بھی دیتی ہیں ایسی ماؤں کے بچے پھر ماحول کے اثر میں نہیں آتے اور جوانی میں بھی ماحول کی برائیوں سے بچنے والے ہوتے ہیں لیکن جو مائیں بچوں کے معاملات میں شروع بچپن سے ہی دلچسپی نہیں لیتیں۔ اگر یہ بچے کوئی بات کریں تو بغیر دلیل کے سختی سے ان کے منہ بند کرنے کی بات کرتی ہیں۔ پھر گھر سے زیادہ باہر کا ماحول ان کو زیادہ اچھا لگتا ہے دین سے زیادہ دنیا ان کی نظر میں زیادہ اچھی ہوتی ہے۔

س: ماؤں کو بچوں کی تربیت کی ذمہ داری ادا کرنے کا آنحضرت ﷺ نے کیا ثواب بتایا؟

ج: فرمایا! آنحضرت ﷺ نے ایک عورت کے سوال کرنے پر کہ ہم جہاد پر تو نہیں جاسکتیں تو کیا گھروں کو سنبھالنے اور بچوں کی تربیت کرنے پر جہاد جیسا ثواب کمائیں گی آنحضرت ﷺ نے فرمایا یقیناً اس کا ثواب جہاد جتنا ہے۔

س: اس وقت لوگ عیسائیت بلکہ خدا کو کیوں چھوڑ رہے ہیں؟

ج: فرمایا! عیسائی ممالک میں ایک بڑی تعداد ہر سال عیسائیت سے لاتعلق ہوکر اسے چھوڑ رہی ہے بلکہ خدا تعالیٰ پر یقین ہی ختم ہورہا ہے کیونکہ وہ لوگوں کی مخالفت کا سامنا نہیں کرتے بلکہ ملکی قوانین، جمہوریت اور آزادی کے نام پر اللہ تعالیٰ کے قوانین میں تبدیلیاں کرتے ہیں اس لئے لوگ مذہب کی اقدار اور تعلیم کو بھلا کر اس سے لاتعلق ہورہے ہیں۔

س: حضرت مصلح موعود نے دین حق چھوڑ کر عیسائی ہونے والے بچے کی ماں کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک عورت اپنا بیمار بچہ لے کر حضرت مسیح موعود کے پاس آئی اور کہا کہ میں تو مومنہ ہوں لیکن بچہ عیسائی ہوگیا ہے آپ یا تو اس کی بیماری کا علاج کریں یا ایک دفعہ اس سے کلمہ پڑھوا دیں پھر بیشک یہ مر جائے۔ لیکن وہ لڑکا ایک رات چپکے سے علاج چھوڑ کے قادیان سے بھاگ گیا مگر ماں اس کو واپس لے آئی۔ وہ دعا بھی کرتی ہوگی خدا نے اس کی ماں کی دعا کو سنا اور اس کا بیٹا ایمان لے آیا بعد میں گو وہ جلد فوت ہوگیا مگر اس ماں نے کہا کہ اب میرے دل کو ٹھنڈ پڑ گئی ہے موت سے پہلے اس نے کلمہ تو پڑھ لیا ہے اور دل سے پڑھا زبردستی نہیں پڑھایا گیا۔

س: وقف نو بچوں کی ماؤں کو حضور انور نے کیا نصائح فرمائیں؟

ج: فرمایا! جو واقفین نو ماؤں کی گودوں میں ہیں ان کی تربیت کرنا ماؤں کا فرض ہے بہت سارے واقف نو بچے بڑے ہوکر اپنے اپنے کاموں میں لگ گئے جو کہتے ہیں کہ ہم وقف نہیں کرنا چاہتے اگر شروع میں دینی تربیت ہوتی تو کبھی یہ سوچ ان بچوں میں پیدا نہ ہوتی۔

س: اعلیٰ تعلیم سے بھی اچھی بات کون سی ہے؟

ج: فرمایا! بے شک اعلیٰ تعلیم بڑی اچھی چیز ہے لیکن اس سے بھی اعلیٰ بات یہ ہے کہ احمدی بچوں کی دینی لحاظ سے بھی اور دنیاوی لحاظ سے بھی ایک فوج تیار ہو جو اس بگڑے ہوئے زمانے میں اپنی نسلوں کو شیطان کے حملوں سے بچانے کی ضمانت بن جائے اپنی نسل میں سے ایسی مائیں پیدا کریں جو بہترین بیویاں ہوں اور بہترین ساسیں ہوں اور بہترین نندیں ہوں اور بہترین بھابھیاں ہوں اور ایسے لڑکے پیدا کریں جو بہترین خاوند ہوں بہترین باپ ہوں بہترین سسر ہوں اور بہترین بیٹے ہوں۔

س: مومن مرد اور مومن عورت کو کیسے ہونا چاہئے؟

ج: فرمایا! مومن مرد اور مومن عورت ایسی ہوتی ہیں کہ جب ان کو اللہ تعالیٰ کی باتیں بتائی جاتی ہیں تو وہ ان سے بہرے اور اندھے ہوکر نہیں گزر جاتے یعنی مومن چاہے مرد ہو یا عورت ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے حوالے سے جب کوئی بات سنتا ہے تو اس پر فوری عمل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

س: حضور انور نے پردے کے بارہ میں کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! پردہ وہ حکم ہے جو قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور مختلف جگہ پر اس کو بیان کیا ہے۔ جب لڑکیوں کو پردے کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے تو کہہ دیتی ہیں کہ یہ کیا پرانی دقیانوسی باتیں ہیں۔ پردے کے ذریعے عورت کی عزت اور عفت قائم کرنا چاہتا ہے اور جب اس بات کی تلقین کرتا ہے تو اس سے پہلے سورۃ النور کی آیت 31 میں اس تقدس اور عصمت قائم کرنے کے لئے پہلے مردوں کو حکم دیا ہے کہ مومن مرد اپنی نظریں نیچی رکھیں۔ پھر اگلی آیت میں عورتوں کو بھی کہا کہ ہر قسم کے شر سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ تم بھی اپنی آنکھیں نیچی رکھو حیا کو قائم کرو۔

س: کن چیزوں کا پردہ ضروری ہے؟

ج: فرمایا! اپنی زینت کو چھپائیں سوائے جو خود بخود ظاہر ہوتی ہے اس میں قد کاٹھ ہے جسم کا موٹا پتلا ہونا وغیرہ شامل ہے اللہ تعالیٰ نے جب فرمایا کہ پردہ کرو تو چادر اوڑھنے کا کہا جس سے جسم ڈھانکا جاتا ہے برقعے کا رواج تو بعد میں عورتوں نے اپنی سہولت کے لئے اختیار کرلیا۔

س: پردہ میں اب کون سی بدعات شامل ہورہی ہیں؟

ج: فرمایا! اس میں بھی اب نئی نئی بدعات شامل ہورہی ہیں بعض تو سادہ برقعے ہوتے ہیں بعض ضرورت سے زیادہ کڑھائی اور موتی لگا کے پہنے جاتے ہیں، برقعے یا کوٹ تنگ ہوتے ہیں یا تکونے اور آڑے ترچھے عجیب شکلوں کے برقعے بنائے جاتے ہیں یا جن کے بٹن کھلے ہوتے ہیں، شرٹ نما چھوٹی سی قمیص پہنی ہوتی ہے۔ گویا پردہ جو نظروں سے بچنے کے لئے کرنے کا حکم دیا گیا تھا اسے توجہ کھینچنے کا ذریعہ بنایا جارہا ہے۔ اسی طرح سکارف ہے حجاب ہے یا نقاب لیا ہوتا ہے تو اس میں یہ نہ بالوں کا نہ صحیح طرح چہرے کا پردہ ہوتا ہے۔ یہ اللہ کے حکم کے ساتھ مذاق ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے پردہ میں کن چیزوں کو ڈھانکنے کی ہدایت فرمائی ہے؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود نے بیان فرمایا کہ ماتھا ڈھکا ہو، بال نظر نہ آئیں، نہ آگے سے نہ پیچھے سے، ٹھوڑی ڈھکی ہو اور گال ڈھکے ہو لیکن اس میں یہ شرط ہے کہ سنگھار نہ ہو اگر منہ کھلا رکھنا ہے تو سادہ چہرہ ہو، اس میں ان لوگوں کے اعتراض کا جواب بھی ہے ان کا اعتراض دور ہو جاتا ہے جو یہ کہتی ہیں کہ ہم ناک بند کریں تو ہمارا سانس رکتا ہے۔

س: بعض احمدی لڑکیوں کو احساس کمتری کا کیا نقصان ہوگا؟

ج: فرمایا! بعض احمدی لڑکیوں کو احساس کمتری پتہ نہیں کیوں ہے کہ اگر انہوں نے پردہ کیا تو لوگ انہیں جاہل سمجھیں گے پس یہ ایسی لڑکیاں دیکھ لیں کہ کیا انہوں نے اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا ہے یا لوگوں کو خوش کرنا ہے اللہ تعالیٰ کی بات کو ماننا ہے یا اس کی باتوں پر اندھے اور بہرے کی طرح گزر جانا ہے جیسے سنا ہی نہیں یا دیکھا ہی نہیں غیر احمدی عورت تو کہہ سکتی ہے کہ ہمیں تو پتہ نہیں ان احکامات کا ہمیں قرآن کریم کا علم نہیں ہم نے تو تفصیل سے احکامات نہیں پڑھے لیکن احمدی لڑکی اور عورت نہیں کہہ سکتی کہ ہم نے سنا نہیں اور دیکھا نہیں۔ پوری تفصیل کے ساتھ اس بارے میں سمجھایا جاتا ہے اور تمام خلفاء نے سمجھایا میں عرصے سے سمجھا رہا ہوں پس اس طرف لجنہ کی تنظیم کو بھی توجہ کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ آہستہ آہستہ پھر یہ فیشن لاپروائیاں بالکل ہی ننگا کردیں گی اگر ابھی ایک دو چار بھی ہیں تو ان کو اپنا جائزہ لینا چاہئے اور جو نہیں ہیں ان کو کسی قسم کے حساس کمتری میں، کمپلکس میں مبتلاء ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

س: اگر بچیوں کو حیادار لباس میں جھجک ہے تو ماؤں کو کیا کرنا چاہئے؟

ج: فرمایا! اپنی عورتوں اور لڑکیوں کو حجاب اور حیاء کا تصور پیدا کرنے کی، کروانے کی کوشش کرنی چاہئے حیادار حجاب کی جھجک اگر ہے کسی بچی میں تو ماؤں کو اس کو دور کرنا چاہئے۔ اگر 11/12 سال کی عمر تک بچیوں کو حیاء کا احساس نہیں دلائیں گی تو پھر بڑے ہوکر ان کو کوئی احساس نہیں ہوگا پس اس معاشرے میں جہاں ہر ننگ اور ہر بے ہودہ بات کو سکول میں پڑھایا جاتا ہے پہلے سے بڑھ کر احمدی ماؤں کو قرآن کی تعلیم کی روشنی میں اپنے بچوں کو بتانا ہوگا حیاء کی اہمیت کا احساس اپنے بچوں میں پیدا کرنا ہوگا۔

س: احمدیوں کا مطمح نظر کیا ہے؟

ج: فرمایا! دوسروں کا مطمح نظر کچھ اور ہوگا ایک احمدی کا مطمح نظر یہی ہے کہ نیکیوں میں آگے بڑھو۔ فاستبقوا الخیرات میں یہی سبق قرآن کریم نے ہمیں سکھایا ہے اور ہم نے دنیا کو اپنے پیچھے چلانا ہے۔ پس اپنے ہر عمل کو بھی خدا تعالیٰ کے حکم کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔

مکرم ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب

تقریر جلسہ سالانہ جرمنی 2016ء

جسمانی صحت کا روحانیت سے تعلق

صاف جسم سے صاف روح پیدا ہوتی ہے۔ (حضرت مصلح موعود)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:

واضح ہو کہ قرآن شریف کی رو سے انسان کی طبعی حالتوں کو اس کی اخلاقی اور روحانی حالتوں سے نہایت ہی شدید تعلقات واقع ہیں۔ یہاں تک کہ انسان کے کھانے پینے کے طریقے بھی انسان کی اخلاقی اور روحانی حالتوں پر اثر کرتے ہیں اگر ان طبعی حالتوں سے شریعت کی ہدایتوں کے موافق کام لیا جائے۔ تو جیسا کہ نمک کی کان میں پڑ کر ہر چیز نمک ہو جاتی ہے۔ ایسا ہی یہ تمام حالتیں اخلاق ہو جاتی ہیں اور روحانیت پر نہایت گہرا اثر کرتی ہے۔ اسی واسطے قرآن شریف نے تمام عبادات اور اندرونی پاکیزگی کی اغراض اور خشوع و خضوع کے مقاصد میں جسمانی طہارتوں اور جسمانی آداب اور جسمانی تعدیل کو بہت ملحوظ رکھا ہے اور غور کرنے کے وقت یہی فلاسفی نہایت صحیح معلوم ہوتی ہے کہ جسمانی اوضاع کا روح پر بہت قوی اثر ہے۔

معزز سامعین!! یہ 1979ء کی بات ہے جب میں لندن میں زیر تعلیم تھا تو حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے درخواست کی کہ مجھے کچھ نصائح فرمائیں۔ آپ فرمانے لگے کہ تین باتوں پر توجہ دیں۔ اول۔ اپنی تعلیم پر زور دیں۔ دوم۔ تاریخی وصحت مند جگہوں کی سیر کریں اور سوم۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

یہ میں بتاتا چلوں کہ حضرت چوہدری صاحب کی صحت کبھی بھی اچھی نہیں رہی۔ فرماتے تھے کہ بچپن میں مجھے آنکھوں کی تکلیف ہوئی یعنی Trachoma کی بیماری اور کچھ عرصہ تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ لیکن نظر کی کمزوری کو انہوں نے غور وفکر کی عادت میں بدل دیا اور کئی گھنٹے آپ بچپن میں غور اور تدبر کیا کرتے تھے اور اس کا ذکر بھی ہمیں قرآن شریف میں ملتا ہے۔ آپ کی ذہانت کا یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ جب میں نے ان سے دعا کی درخواست کی تو آپ فرمانے لگے کہ میں روزانہ اپنی صبح کی دعاؤں میں 265 احباب کے نام لے کر دعا کرتا ہوں اور تمہارا نمبر 263 ہے۔ یہاں صحت کے حوالے سے ایک اور واقعہ حضرت چوہدری صاحب کا بتاتا چلوں۔ آپ نے ایک ملاقات میں فرمایا کہ مجھے جوانی میں ذیابیطس کی بیماری لاحق ہو گئی اور Joslins Clinic USA سے علاج شروع ہوا۔ حضرت چوہدری صاحب ان شروع کے مریضوں میں سے تھے جن کو Insulin پر رکھا گیا۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ احتیاطی تدابیر اختیار کیں کہ 90 سال سے زائد فعال زندگی گزاری اور احمدیت کی بھی گرانقدر خدمت کی توفیق پائی۔ آپ سے جب میں نے آپ کی فعال زندگی کا راز پوچھا تو مسکرا کر فرمانے لگے کہ "یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل ہے"۔

یقیناً یہ اللہ تعالیٰ کا فضل تھا لیکن حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنے کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہی ملتی ہے۔

"رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ روح کی ترقی کے لئے جسم کی نگہداشت بھی ضروری ہے"۔

آپ آگے فرماتے ہیں:

"اس وقت بہت سے مذاہب ایسے موجود ہیں۔ جن کی تعلیمات ایسی ہیں کہ نہ ان کا کوئی جسمانی فائدہ ہے اور نہ روحانی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اپنی ایک تقریر حفظان صحت کی دینی تعلیم میں فرماتے ہیں:

مذاہب عالم میں (دین حق) اس پہلو سے بھی نمایاں شان رکھتا ہے کہ بنی نوع انسان کو روحانی پاکیزگی کے ساتھ ساتھ جسمانی پاکیزگی کی بھی ایک بے نظیر تعلیم دیتا ہے بلکہ روحانی پاکیزگی کے حصول کے لئے بدنی پاکیزگی کو پہلا قدم قرار دیتا ہے۔

حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود فرماتے ہیں:

"جس قدر ہمارا کھانا پینا، سونا جاگنا، حرکت کرنا، آرام کرنا، غسل وغیرہ کرنا افعال طبیعہ ہیں تمام افعال ضروری ہماری حالت پر اثر کرتے ہیں۔ ہماری جسمانی بناوٹ کا ہماری انسانیت سے بڑا تعلق ہے۔ روح اور جسم کا ایک ایسا تعلق ہے کہ اس راز کو کھولنا انسان کا کام نہیں۔ غور سے معلوم ہوتا ہے کہ روح کی ماں جسم ہے"۔

پھر فرماتے ہیں:

ایسا ہی تجربہ ہم پر ظاہر کرتا ہے کہ طرح طرح کی غذاؤں کا بھی دماغی اور دلی قوتوں پر ضرور اثر ہے۔

پس دین حق کوئی ایسی فرضی فلاسفی دنیا کے سامنے پیش نہیں کرتا جو روحانیت کو جسمانیت اور الگ اور لاتعلق خیال کرتے ہوئے جسمانی حالتوں سے بے نیاز کوئی روحانی اصلاح کا پروگرام پیش کرے بلکہ یہ مذہب فطرت اصلاح روح کا آغاز اصلاح بدن سے کرتا ہے۔

حفظان صحت کے اصول

اب میں چند حفظان صحت کے اصولوں پر بات کرتا ہوں سب سے پہلے غذا کے بارہ میں خدا تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔.......

متوازن غذا

یعنی گوشت بھی کھاؤ اور دوسری چیزیں بھی کھاؤ مگر کسی چیز کی حد سے زیادہ کثرت نہ کرو اس کا اخلاقی حالت پر بد اثر نہ پڑے اور تا یہ کثرت مضر صحت بھی نہ ہو"۔

متوازن غذا یعنی Balanced Diet کا حکم ہے۔ یعنی سب اجزا Carbohydrates, Proteins , Fats , Vitamins, اور Minerals مناسب مقدار میں ہونی چاہئیں۔ ان اجزا میں زیادتی یا کمی مختلف بیماریوں کی وجہ بن جاتی ہے مثلاً اگر Fats یعنی چربی کی مقدار بڑھ جائے تو مختلف دل اور شریانوں کی بیماریوں کی وجہ بن جاتی ہے Saturated Fats جو چکنائی میں موجود ہے اس کی زیادتی دل اور دیگر شریانوں میں اکٹھی ہونی شروع ہو جاتی ہے اور آہستہ آہستہ ان شریانوں کو بند کرنا شروع کر دیتی ہے۔ اس کا نتیجہ Angina، Heart Failure، Heart Attack، ہائی بلڈ پریشر اور فالج ہو سکتا ہے اسی طرح Deep Fried Food, Junk Food اور کڑاہی گوشت، مغز، سری پائے کی زیادتی بھی ان بیماریوں کی وجہ بن سکتی ہے۔ اگر Carbohydrates یا Sugar کی زیادتی ہو تو موٹاپا اور وزن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور موٹاپا یعنی Obesity اب ایک Epidemic ہے اور دنیا میں وبا کی طرح پھیل رہی ہے اس سے متعدد بیماریاں جنم لیتی ہیں مثلاً Diabetes، بلند فشار خون، Heart Disease، Stroke، Arthritis, اور بے خوابی سرفہرست ہیں۔

کچھ عرصہ پہلے ہم نے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں چند واقفین زندگی میں Risk Factors پر Research Study کی۔ نتائج نے یہ ظاہر کیا کہ 75% سے زیادہ Obese یا Overweight نکلے اور یہ عارضہ کئی بیماریوں کا پیش خیمہ ہو سکتا ہے۔

نمک غذا کا ایک اہم Mineral ہے اور جسم میں ایک اہم Role ادا کرتا ہے لیکن نمک کی زیادتی خطرناک بیماریوں کو جنم دیتی ہے ان میں High Blood Pressure ہے اور اس کی خطرناک Complications ہیں مثلاً Brain Hemorrhage، Kidney Failure، Loss of Vision طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں روزانہ جب میں یہ Complications دیکھتا ہوں تو میرا دل بیٹھ جاتا ہے اور قرآن شریف یہ آیت میرے کانوں میں گونجتی ہے۔

کھاؤ اور پیو لیکن حد سے تجاوز نہ کرو۔

"دین صرف کھانے کی قسم ہی معین نہیں کرتا بلکہ اس کی کیفیت پر بھی ضروری پابندیاں عائد کرتا ہے۔ بہت سے ایسے کھانے ہو سکتے ہیں جو حلال ہونے کے باوجود اپنی وقتی کیفیت کی بنا پر صحت انسانی کے منافی ہوں اور طیب نہیں کہلا سکتے۔ آنحضور ﷺ نے ایک نہایت لطیف اور پُرحکمت تعلیم فرمائی چنانچہ حضرت جابرؓ کہتے ہیں حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

جو شخص اس بدبودار درخت میں سے کھائے (اشارہ لہسن اور پیاز کی طرف تھا) ہماری مسجدوں کے قریب نہ آئے۔ اس لئے فرشتے بھی اس چیز سے ایذا پاتے ہیں جس سے انسان دکھ محسوس کرتے ہیں۔

پس حلال کے ساتھ طیب کی شرط نے ماکولات کی اقسام ہی کو نہیں کیفیات کو بھی مدنظر رکھنے کی طرف انسان کو خاص طور پر متوجہ کر دیا۔ مثلاً جہاں Balanced Diet کا ذکر ہے وہاں طیب غذا کا ذکر ہے ان مریضوں کے لئے جن کو Diabetes ہے Diabetic Diet طیب غذا ہے Weight جو لوگ Over Weight ہیں Reducing Diet ان کے لئے طیب غذا ہے اور High Cholesterol کے مریضوں کے لئے Cholesterol Reducing Diet طیب غذا ہے۔

غذا کے حوالے سے ان بہت سی چیزوں کا ذکر جو قرآن شریف میں ہے چند کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔

اول الذکر زیتون کا ہے Medical Science نے ثابت کیا ہے کہ زیتون کے پتوں، لکڑی، پھول، پھل اور تیل سب صحت کے لئے بے انتہاء مفید ہے۔ دل اور دماغ کی تقویت کے لئے مفید ہے۔ خون میں Fats کو کم کرتا ہے جلد اور نظام ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔ کئی بیماریوں کے لئے زیتون کے مختلف اجزاء شفاء دیتے ہیں۔

شہد کا ذکر ہم سب جانتے ہیں۔ اس میں بھی شفاء ہے۔ ایک تفصیل ہے جس سے آپ سب واقف ہیں طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں ہم نے The Honey Project شروع کیا ہے اور اس قرآنی غذا کی افادیت کے تجربے کر رہے ہیں Scientist نے بیشمار بیماریوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ جلد کی بیماری سے لے کر آنکھوں کی بیماریاں، دل کے امراض کی Immune System، معدہ اور انتڑیوں کی Deficiencies، ہڈیوں کی کمزوری، Sexual Weakness، دمہ اور خون کی بیماریوں کے لئے بھی مفید ہے۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں ایک مقالہ بھی لکھا گیا ہے اور انٹرنیٹ پر موجود ہے۔

Hospital Hygiene-Lessons Learnt From Honey Bee

کھانے پینے کے آداب

اس طرح کھانے پینے کے آداب بھی حفظان صحت کے اصولوں میں شامل ہیں۔ آنحضرت ﷺ ہر کھانے اور مشروب سے قبل خود بھی بسم اللہ پڑھتے تھے اور دوسروں کو بھی اس کی تاکید و نصیحت فرماتے تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

"اس سنت نبویؐ میں یہ باریک حکمت موجود ہے کہ روحانی اور جسمانی صحت پر محض کھانے کی قسم ہی اثر انداز نہیں ہوتی بلکہ وہ ذہنی کیفیات بھی اثر انداز ہوتی ہیں جو کھاتے پیتے وقت انسانی قلب و ذہن پر مسلط ہوں۔ پس اگر ذہن اللہ تعالیٰ کی طرف

منتقل ہو کر پاکیزہ کیفیات کا مصدر بن جائے تو ضرور ہے کہ ایسی حالت میں کھائی ہوئی پاکیزہ غذا کا اثر بھی اسی حد تک پاکیزہ ہو۔ اسی امر کا ثبوت ہے کہ واقعتاً ایسا ہوتا ہے آجکل کی طبی تحقیق سے بھی ملتا ہے۔

حالیہ ریسرچ نے بھی یہ ثابت کیا ہے کہ ذہنی سکون اور Spirituality کھانے کو بہتر رنگ میں جزو بدن بناتا ہے۔ آپ مزید فرماتے ہیں:

کھانے سے قبل اور اس کے بعد ہاتھ دھونے اور کلی کرنے کا بھی اسلام میں حکم ہے۔ آنحضرت ﷺ بے صبری اور بے قراری کے ساتھ کھانے کو سخت ناپسند فرماتے تھے۔ تہذیب کے خلاف ہونے کے علاوہ بے صبری اور افراتفری سے کھانا نظام ہضم پر بھی بہت بُری طرح اثر انداز ہوتا ہے۔ چنانچہ اطباء کمزور معدہ کو خاص طور پر آہستہ آہستہ چبا کر کھانے کی ہدایت کرتے ہیں۔

موجودہ تحقیق نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ معدہ میں Ulcers اور Gastritis کی تکلیف اور Irritable Bowel Syndrome کی ایک وجہ کھانے کو جلدی جلدی کھانے سے ہے۔

بدنی پاکیزگی پر دین حق نے جس قدر زور دیا ہے کسی اور مذہب یا تہذیب نے ایسا زور نہیں دیا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا:

"کہ ہر پلیدی سے جدا رہ"

ہمارے پیارے نبی حضرت ﷺ کا ایک چھوٹا مبارک کلمہ اس قرآنی حکم کی اہمیت شدت سے واضح کرتا ہے حضرت ابو مالک اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

"پاکیزگی نصف ایمان ہے"

دائیں ہاتھ کی حکمت

پھر دین بائیں ہاتھ کے استعمال کو صرف طہارت کے لئے نہیں بلکہ ہر ایسی گندگی کو دور کرنے کے لئے جسے ہاتھ لگانا ناگزیر ہو جائے بائیں ہاتھ کو مخصوص کرتا ہے۔ چنانچہ ایک مومن ہر قسم کی آلودگی کو دور کرتے وقت کوئی گری پڑی مشکوک چیز اٹھاتے ہوئے یا ناک صاف کرتے وقت عادتاً ہمیشہ بایاں ہاتھ ہی استعمال کرتا ہے۔ جس میں ایک بہت بڑی حکمت ہے کہ اس طرح دایاں ہاتھ یقینی طور پر آلودگیوں سے بالکل لاتعلق ہو جاتا ہے اور کھانے وغیرہ کے لئے یا پاک چیزوں کو ہاتھ لگاتے وقت انسان اسے بے دھڑک اور بے خوف استعمال کر سکتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانی دماغ میں Brocas Area مخصوص جگہ رکھ کر دائیں ہاتھ کو Dominant Hand بنایا ہے اور اکثر لوگ Right Handed ہوتے ہیں ذرا غور کیجئے کہ ان چھوٹی چھوٹی باتوں نے مرتب ہو کر حفظان صحت کے بعض بنیادی اصول کا کیا پیارا خاکہ کھینچ دیا ہے یہ ایک معلوم حقیقت ہے کہ بہت سی بیماریاں ہاتھوں کے ذریعہ آلودگی اور جراثیم کے کھانے کے طرف منتقل ہو جانے سے پھیلتی ہیں۔ آجکل نئی تحقیق نے ثابت کیا ہے Hospital Hygiene میں Hand Washing سب سے اہم Role ادا کرتا ہے۔

منہ کی صفائی

دانتوں کی صفائی کو ہی لے لیجئے دنیا جہاں کے Tooth Pastes اور Tooth Brushes کی ایجاد کے باوجود انسان آج بھی منہ کی صفائی کے ان آداب سے بے بہرہ ہے۔ جن کے بغیر منہ کی صفائی کی کوئی ضمانت نہیں لی جاسکتی۔ تہذیب نے اس قدر انسان کو سکھا دیا کہ دانت سفید ہونے چاہئیں اور صبح کو دانتوں کی صفائی بھی مہذب انسانوں کو ڈال دی لیکن اس گُر سے آشنا نہ کر سکی کہ منہ کی صفائی اور صحت اس عادت کے سوا برقرار نہیں رکھی جا سکتی کہ ہر کھانے کے بعد اچھی طرح کلی کر کے منہ کو بار بار صاف کیا جائے اور اس پر اکتفاء نہ کیا جائے بلکہ اس کے علاوہ بھی پانچ مرتبہ نمازوں میں منہ کو اچھی طرح صاف کر لیا جائے Bacteriological Studies نے بارہا یہ ثابت کیا ہے کہ ایک انسان کے منہ میں اس قدر جراثیم موجود ہیں کہ اگر 7 ارب (یعنی اس دنیا کی آبادی) کے لوگوں کے Immune System کام نہ کریں تو سب کے سب بیماری اور Infection سے ہلاک ہو جائیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس ذات نے انسان کو ایک مربوط Immune System دیا ہوا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے منہ کی صفائی کی جس شدت سے تاکید فرمائی ہے کہ اس کا اندازہ اس حدیث سے ہوتا ہے۔

حضرت ابو امامہؓ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب بھی حضرت جبریلؑ میرے پاس تشریف لائے ہیں انہوں نے مجھے مسواک کرنے کا حکم دیا اور البتہ میں ڈرا کہ کہیں مسواک (زیادہ کرنے) کی وجہ سے منہ کے اگلے حصہ کو نہ چھیل لوں۔

وضو اور نماز کے طبی فوائد

وضو اور نماز کے بارہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

"اور پھر ایسی حالت میں کہ نماز پڑھنا اور وضو کرنا طبی فوائد بھی اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ اگر کوئی ہر روز منہ نہ دھوئے تو آنکھ آ جاتی ہے اور بہت سی بیماریاں اس سے پیدا ہوتی ہیں۔ پھر بتلاؤ وضو کرتے ہوئے بظاہر کیسی عمدہ بات ہے۔ منہ میں پانی ڈال کر کلی کرنا ہوتا ہے مسواک کرنے سے منہ کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔ دانت مضبوط ہوتے ہیں اور دانتوں کی مضبوطی غذا کے عمدہ طور پر چبانے اور جلد ہضم ہو جانے کا باعث ہوتی ہے۔ پھر ناک صاف کرنا ہوتا ہے ناک میں کوئی بدبو داخل ہو تو دماغ کو پراگندہ کر دیتی ہے۔ اب بتلاؤ اس میں کیا برائی ہے۔ اس کے بعد وہ اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی حاجات لے جاتا ہے اور اس کا اپنے مطالب عرض کرنے کا موقع ملتا ہے۔ دعا کرنے کے لئے فرصت ہوتی ہے"۔

ہماری تحقیق سے یہ چیز ثابت ہوئی ہے کہ ہاتھوں کو تین مرتبہ صاف پانی سے دھونے سے جراثیم میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ مزید ہاتھوں کو دھونے سے خواہ دس مرتبہ کیوں نہ دھویا جائے مزید بہت کم جراثیم میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اس تحقیق سے تین مرتبہ ہاتھ دھونے کی حکمت بھی سمجھ میں آتی ہے۔ منہ کی صفائی کے ساتھ بدن کے ساتھ بعض آلودگیوں کے چپکے رہ جانے کے احتمال کو اور کم کرنے کے لئے آپ ﷺ نے ایسے بالوں کو صاف کرنے کا ارشاد بھی فرمایا ہے، جن کے ساتھ آلودگی کے لگے رہ جانے کا خطرہ واضح ہے ناخن کٹوانے کا ارشاد بھی اسی حکمت پر مبنی ہے۔ یہ اسلامی تعلیم بھی ایسی ہے۔ جس سے لاعلمی کی بنا پر اہل مغرب کے بدن کئی قسم کی عفونتوں کا شکار رہتے ہیں اور ان کی تہذیب ان چھوٹے چھوٹے امور کو سیکھنے سے قاصر رہی ہے۔ باوجود طبی تحقیق ہے کہ ان آلودگیوں میں بیشمار بیماریاں جنم لیتی ہیں سب لوگ اس سے بے بہرہ ہیں۔ مثلاً Eczema, Genital Warts, Lice Infestation Sexually Transmitted Diseases چند ایک بیماریاں ہیں۔

غسل کا طریق اور دل

غسل کی عادت کو بھی رائج کیا گیا ہے بلکہ بعض مواقع پر اسے واجب اور بعض مواقع پر فرض قرار دیتا ہے۔ چنانچہ جمعہ کے روز غسل کے متعلق آنحضور ﷺ کا یہ ارشاد بخاری شریف میں درج ہے۔

"جمعہ کا غسل ہر مسلمان پر واجب ہے"

لیکن اس سے بھی ایک قدم آگے اٹھاتے ہوئے کئی مواقع پر دین حق غسل کو فرض قرار دیتا ہے جو ہر مومن مرد و زن کے لئے ضروری ہے۔ نہانے کے طریق کے بارہ میں ارشاد ہے کہ پہلے دائیں کندھے پر پانی ڈالیں پھر بائیں کندھے پر پانی ڈالیں اور آخر میں سر پر پانی ڈالیں۔ سائنسی تحقیق بھی اسی طریق کو رواج دیتی ہے اور اس میں غسل کرنے والے کے دل کو محفوظ رکھنا ہے۔

جسم کی صفائی

رسول کریم ﷺ پاکیزگی کے علاوہ کپڑوں کی صفائی کا بھی بہت خیال فرماتے تھے بالوں میں بھی تیل لگاتے تھے اور کنگھی کرنے کا اہتمام فرماتے تھے اور فرماتے تھے۔

اللہ تعالیٰ خود جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔

آپؐ صفائی پاکیزگی اور لطافت کا مرقع تھے۔

حضرت رسول کریم ﷺ جب آئینہ دیکھتے تو دعا فرماتے کہ

الٰہی تو نے جیسا میرا جسم خوبصورت بنایا ہے میرے خلق کو بھی ایسا بنا دے۔

گویا خوبصورت جسم خدا تعالیٰ کی ایک نعمت ہے جس کا آپ شکر ادا کرتے۔ پاؤں کا دھونا بھی دن میں ایک مرتبہ لازم قرار دیا گیا ہے۔ حضرت مسیح موعود کے بارہ میں آتا ہے کہ آپ صبح پاؤں دھونے کے بعد جراب پہن لیا کرتے تھے ننگے پاؤں باہر جانا یا سیر کو بغیر جراب کے نہیں جاتے تھے۔ اس میں بھی ایک حکمت پوشیدہ ہے طبی لحاظ سے ننگے پاؤں جراثیم اور دیگر آلودگی پاؤں سے ناخنوں اور انگلیوں کے درمیان اکٹھی ہو جاتی ہے اور سرائیت کرتی ہوئی ٹانگ کی Veins اور Lymphatics کو Infect کر دیتی ہے۔ اسی لئے دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ ننگے پاؤں یا بغیر جرابوں کے باہر نکلتے ہیں ان کی Leg veins زیادہ خراب ہوتی ہیں اور دل کے بائی پاس آپریشن کے بعد یہ veins جلد بند ہو جاتی ہیں۔

سیر اور ورزش

حفظان صحت کے بنیادی اصولوں میں سیر و تفریح اور ورزش کا بھی بہت بڑا کردار ہے اور انسانی صحت کے لئے از حد ضروری ہے۔ حضرت رسول کریمؐ سے ثابت ہے کہ ایک دفعہ آپ نے حضرت عائشہؓ سے دوڑ کا مقابلہ کیا حضرت مسیح موعود نے بھی ایک مرتبہ دینی غیرت کے اظہار کے طور پر ایک سکھ کو نیچا دکھانے کے لئے دوڑ کا مقابلہ کیا۔ جس میں آپ نے اس کا غرور توڑا اور مات دی۔ اسی طرح اپنی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے مگدر پھیرنا بھی آپ سے ثابت ہے۔ ان ساری پُرحکمت باتوں پر اگر انسان عمل کرے تو وہ باطنی اور ظاہری حسن دونوں سے مالا مال ہو سکتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ

رسول کریمؐ سے زیادہ کسی کو تیز رفتار نہیں پایا۔ آپ کا یہ عالم تھا کہ گویا زمین کی صف آپ کے قدموں تلے لپٹی جا رہی ہے۔ ہم آپ کے ساتھ رہنے کے لئے کوشش کر کے چلتے تھے لیکن آپ کی چال میں کوشش اور تکلف نظر نہیں آتا تھا اس ایک طبعی روانی تھی۔

آپؐ کی سنت سے یہ ثابت ہے کہ آپ صبح کو اکثر صحابہؓ کے ہمراہ سیر کے لئے نکلتے تھے، آپ کی چال تیز تھی، خالی پیٹ ہوتے تھے، سورج نکلنے سے پہلے واپس لوٹتے تھے۔ (یہ وقت قریباً آدھ سے پون گھنٹہ بنتا ہے) امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن (AMA) بھی صبح کی سیر خالی پیٹ، تیز رفتار اور آدھ پون گھنٹہ کا ہی مشورہ دیتی ہے اور اگر ساتھیوں کے ساتھ سیر کی جائے تو باقاعدگی زیادہ ہوتی ہے سیر اور ورزش کے بارہ میں جو حقیقت میڈیکل سائنس کو آج معلوم ہوئی وہ 1400 سال پہلے ہمیں بتا دی گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی بیماری کے ایام میں متعدد بار خاکسار کو حضور پُرنور کے ساتھ سیر میں شامل ہونے کا موقع ملتا تھا آپ Richmond

Park London میں لمبی سیر کے دوران ایک جھیل کے کنارے مرغابیوں کو غذا دیا کرتے تھے اور ہم سب یہ منظر دیکھ کر بے حد خوش ہوتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی حمد کے ترانے گاتے تھے۔ پس سیر میں مزید حسن پیدا کرنے کے لئے کوئی نہ کوئی مشغلہ یا کارِ خیر اگر کرلیا جائے تو مزید فائدہ بھی ہے۔ رسول کریمؐ کی سنت سے یہ بھی ثابت ہے کہ آپ اپنی صفائی اور لطافت کے باوجود روزمرہ کے کام اپنے ہی ہاتھوں سے سرانجام دیتے تھے حتیٰ کہ اپنی جوتیاں تک خود گانٹھ لیتے تھے۔ اپنا کپڑا خود سی لیتے تھے اور اپنے گھر میں اسی طرح کام کرتے تھے جس طرح ہم اپنے گھروں میں کرتے ہیں۔

نماز کے جسمانی فوائد

نماز اور تہجد کے جہاں اور بہت فوائد ہیں وہاں حفظان صحت کے لئے بھی بہت موزوں ہیں۔ نماز کی سب حرکات جسم کے ہر حصہ کی ورزش کرواتی ہے۔ آنکھ کو ایک جگہ مرکوز کرنے سے Eye muscles میں توانائی آتی ہے اور نظر کو Focus کرنے میں بہتری آتی ہے۔ بازو، ٹانگیں اور کمر تندرست رہتی ہے Blood circulation میں بہتری آتی ہے اور Deep venous thrombosis کا بہترین علاج ہے۔ سجدہ کی حالت سے دماغ میں گردش خون زیادہ ہونے کی وجہ Brain Cells کی صحت میں اضافہ ہوتا ہے اور حافظہ تیز ہوتا ہے۔ تحقیق نے سجدہ کی پوزیشن کو دماغی صحت کے لئے بہت مفید بتایا ہے۔ تہجد اور فجر کی نماز کی وجہ سے Early morning mourning کے واقعات کم ہوتے ہیں Biological clock کی Re-setting سے Heart attack, Sudden death, Stroke, کے Cases بھی کم ہوتے ہیں۔ غرض نماز تہجد کے جہاں روحانی فوائد ہیں وہاں جسمانی فوائد بھی بے انتہاء ہیں۔

تلاوت قرآن کریم کے فوائد

قرآن شریف کی تلاوت بھی حفظان صحت میں مثبت کردار ادا کرتا ہے اونچی آواز کی تلاوت پھیپھڑوں کی ورزش میں مدد دیتی ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ By pass operation کے بعد جہاں Physiotherapy ضروری ہے، وہاں قرآن شریف کی اونچی آواز میں تلاوت پھیپھڑوں کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

یہ بھی تحقیق سے ثابت ہے کہ قرآن شریف کی تلاوت فالج زدہ مریضوں میں جن کی Speech متاثر ہوتی ہے اس کو بحال کرنے میں مدد کرتی ہے۔

ماہرین نفسیات نے اس بات کو بھی ثابت کیا ہے کہ اچھی قراءت میں قرآن کریم کی آواز ذہنی تناؤ اور Stress hormones کو بھی کم کرتی ہے۔ یہ قراءت مفید Neurohormones کو Release کرتی ہے اور انسان میں سکون اور آرام پیدا کرتی ہے۔

